بیک فائر کی اساس

[بیک فائر (backfire) سے مراد ہے، کسی عمل کا اُلٹا اثر ہونا]

بیک فائر کے اہم عوامل :

انکشاف : ناانصافی کو بے نقاب کرنا، جرم پوشی کو چیلنج کرنا

بحالی : ہدف کو قانوناً درست ثابت کرنا، اس کی قدر گھٹانے کے عمل کو چیلنج کرنا

مقابلہ : ناانصافی کو نمایاں کرنا، تعبیرِ نو کا جواب دینا

منظّم : حمایت کو منظّم کرنا، سرکاری چینلوں سے خبردار رہنا

مزاحمت : دھمکیوں یا رشوت کا سامنا کرنا

بیک فائر ماڈل کا تعلق غیر منصفانہ عمل کی مخالفت کی تدابیر سے ہے۔

بیک فائر : بیک فائر سے مراد ایسا حملہ ہے جس کے نتیجے میں جسے حملے کا نشانہ بنایا گیا ہو، اسے مزید حمایت یا توجہ ملے۔ کوئی بھی ناانصافی یا بے قاعدگی اپنے مرتکب کے خلاف بیک فائر ہو سکتی ہے۔

بیک فائر کا اظہار رائے عامہ کی مخالفت یا مخالفین کی جانب سے بڑی سرگرمی کی صورت میں ہو سکتا ہے۔ حتیٰ کہ جب یوں لگتا ہو کہ مرتکب گروہ/شخص اپنی ناانصافی کے ساتھ بچ نکلنے میں کامیاب ہو گیا ہے، تب بھی طویل المدتی صورت میں اس کے جوابی نتائج نکل سکتے ہیں۔

طاقت ور گروہوں کی جانب سے بیشتر ناانصافیاں بیک فائر نہیں ہوتیں، کیونکہ وہ فساد کو کم سے کم رکھنے کے قابل ہوتے ہیں۔

ناانصافی کے ردعمل میں فساد کو کم رکھنے کے پانچ طریقے

1. اپنے عمل پر پردہ ڈال دینا
2. ہدف کی قدر گھٹا دینا
3. واقعات کی نئی تشریح کرنا
4. انصاف کا دکھاوا کرنے کے لیے سرکاری ذرائع استعمال کرنا
5. ملوث افراد کو ڈرانا دھمکانا یا انعام دینا

غیر منصفانہ حملے کا ادراک :



فساد کم سے کم رکھنے کے پانچ طریقے اور کسی واقعے ٗ اس کے ادراک اور اس کے ردِ عمل سے ان کا تعلق

بیک فائر کے لیے دو شرائط

1. کوئی ایکشن غیر منصفانہ ٗ ناجائز ٗ غیر معقول یا غیر موزوں تصور کیا جائے
2. اس ایکشن کی تفصیل متعلقہ لوگوں کو پہنچائی گئی ہو

ناانصافی پر ردِ عمل کی شدت میں اضافے کے پانچ طریقے

1. (غیر منصفانہ) ایکشن کو بے نقاب کریں
2. ہدف کو درست ثابت کریں
3. ایسی تشریح پر زور دیں جس سے مذکورہ عمل غیر منصفانہ ثابت ہوتا ہو
4. عوامی خدشات کو متحرک کریں (اور سرکاری چینلوں سے گریز کریں)
5. دھمکیوں اور لالچ جیسے ہتھکنڈوں کی مزاحمت کریں اور ان کا پردہ چاک کریں



اہم اضافی نکتہ: ابلاغ کا وقت یا موقع بہت اہمیت کا حامل ہے۔ پیغام کی پذیرائی پر اثر انداز ہونے والے تین متعلقہ عوامل درج ذیل ہیں:

1. اثر پذیری: ناانصافی سے متعلق بنیادی حساسیت موجود ہونے کا مطلب یہ ہے کہ نظام موجود ہے۔ اگر لوگ پہلے کسی نوعیت کی زیادتی سے متعلق متفکر ہیں، تو ایک نئے مسئلے پر ان کا ردعمل مضبوط ہوگا۔ سماجی تحریکات اثر پذیری پیدا یا اس میں اضافہ کر سکتی ہیں۔
2. معلومات کا گرد و پیش: عیاں، نمایاں (دیگر واقعات کے مقابلے میں)۔ اور کیا ہو رہا ہے؟ اگر خبروں میں دیگر اہم واقعات بھی شامل ہیں تو ناانصافی کو ملنے والی میڈیا کوریج معمولی ہو سکتی ہے۔
3. قابلِ عمل: سماجی تحریکات کی موجودگی، قدم اٹھانے کے مواقع۔ جب سرگرم افراد کوئی قدم اٹھانے کے لیے تیار ہوں تو ایک غیر متوقع ناانصافی کے بیک فائر ہونے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔

مثال : پولیس کا ایک احتجاجی جلوس کے پُر امن مظاہرین پر لاٹھی چارج



کسی ناانصافی کے جواب یا اسے روکنے کی کوشش کے لیے ابتدا میں بیان کیے گئے پانچ عوامل، انکشاف، پوزیشن کی بحالی، حکومتی موقف کا مقابلہ، تنظیمِ نو اور مزاحمت کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

مثال کے طور پر، پولیس کے حملوں سے محفوظ رہنے میں مدد کے لیے، گواہوں اور کیمروں کو تیار رکھیں جب کہ تصویر میں بہتر نظر آنے والے فیشن کے مطابق لباس اور رویہ اختیار کریں۔

بیک فائر پبلی کیشنز:

سنسرشپ، بہتان تراشی، جنسی ہراسانی، اسکاٹ پارکن کی جلاوطنی، پولیس کے لاٹھی چارج، پُرامن مظاہرین کے قتل عمل، تشدد، نسل کشی اور دیگر موضوعات کے لیے دیکھیے

http://www.bmartin.cc/pubs/backfire.html (یا سرچ انجن میں ' Brian Martin backfire' لکھیں)۔

اسکاٹ پارکن کی آسٹریلیا سے ملک بدری کے خلاف ایک احتجاج

برائن مارٹن، bmartin@uow.edu.au، فون 02-4221 3763

نسخہ ہذا 26 فروری 2012ء